

بسم الله الرحمن الرحيم

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ۔

[ابن ماجہ: ۲۲۴، عن انس رضی اللہ عنہ]

علم دین کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔




دینیات

# DEENIYAT

NURSERY

## نرسری | 01

Urdu

جدید ایڈیشن نئی ترتیب کے ساتھ

دوسرا ایڈیشن

ماہِ جمادی اولیٰ ۱۴۴۱ھ مطابق ماہِ جنوری ۲۰۲۰ء

طالب علم / طالبہ کا نام: ____________________

گھر کا مکمل پتہ: ____________________

____________________

شہر: ____________________ پن کوڈ: ____________________

رابطہ نمبر: ____________________ جماعت: ____________________

مکتب کا مکمل پتہ: ____________________

____________________

# پیش لفظ

اسلام دین فطرت ہے اور زندگی گزارنے کا مکمل ضابطہ بھی، یہ زندگی کے ہر موڑ پر انسان کی رہنمائی کرتا ہے، خواہ انسان کی اجتماعی زندگی ہو یا انفرادی، عبادت و بندگی میں انہماک کا وقت ہو یا خرید و فروخت میں مصروفیت کا، خوشی و مسرت کا موقع ہو یا رنج و غم کا لمحہ، غرض انسانی زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے، جہاں اسلام اس کی مکمل رہنمائی نہ کرتا ہو اور یہ حقیقت ہے کہ ہر انسان اسی وقت کامیاب ہوسکتا ہے جب کہ وہ اپنی پوری زندگی اسلام کے مطابق گزارے، یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے امت کے ہر فرد پر بہ قدر ضرورت علم دین سیکھنا فرض قرار دیا ہے، آپ ﷺ کا ارشاد ہے: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ. (علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے)۔ [ابن ماجہ: ۲۲۴، عن انس رضی اللہ عنہ]

نیز آپ ﷺ نے علم دین کے اساتذہ وطلبہ کو امت کا سب سے بہتر طبقہ قرار دیا ہے؛ ارشاد ہے: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ. (تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے، جو قرآن کو سیکھے اور سکھائے)۔ [بخاری: ۵۰۲۷، عن عثمان رضی اللہ عنہ]

اس کے ساتھ ہی آپ ﷺ نے اہل علم پر نہ جاننے والوں کو علم دین سکھانے کی ذمہ داری بھی ڈالی ہے، آپ ﷺ کا ارشاد ہے: تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ. (علم سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ)۔ [شعب الایمان: ۱۷۴۲، عن ابی بکر رضی اللہ عنہ]

چناں چہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے سے ہی ہر دور میں علمائے کرام اور مصلحین امت نے لوگوں کو علم دین سکھانے کی بھر پور کوششیں کیں اور اس کی ترویج واشاعت میں بے مثال قربانیاں دیں، ان ہی کی قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ آج دین صحیح شکل و صورت میں ہمارے پاس موجود ہے اور ہماری زبانوں پر اللہ اور اس کے رسول کا نام جاری ہے، فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ عَنَّا وَعَنْ جَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ. (اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے اور تمام مسلمانوں کی طرف سے انھیں بہترین بدلہ عطا فرمائے)۔ آمین

مگر ہمارے لیے یہ بات بڑی قابل غور ہے کہ ہماری نسل اس دین پر کس طرح ثابت قدم رہے؟

اللہ اور رسول کے احکام پر کیسے عمل پیرا ہو؟ ظاہر ہے کہ اللہ کے عام ضابطے کے مطابق دین؛ محنت اور جدوجہد سے زندہ اور باقی رہتا ہے۔ اگر ہم محنت اور جدوجہد کریں گے، تو ہماری نسلوں میں دین باقی رہے گا، لہذا اپنے اور اپنی نسل کے دین وایمان کی فکر کرنا اور اسلام کی تعلیمات اور ہدایات پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کرنا؛ ہمارا دینی وملی فریضہ ہے۔

آج کے اس دور میں اس اہم فریضے کی تکمیل کے لیے ایک آسان اور مؤثر ذریعہ وہ ہے، جس کو ہمارے اکابر اور امت کے فکرمند حضرات نے مکاتب ومدارس کی شکل میں جاری کیا ہے، یہ مکاتب ومدارس دین کی حفاظت کے قلعے اور دین کی اشاعت کے لیے مراکز کی حیثیت رکھتے ہیں، اگر جگہ جگہ لڑکے اور لڑکیوں اور بالغان وخواتین کے لیے مکاتب قائم کر دیے جائیں اور ان میں ناظرۂ قرآن کے ساتھ ساتھ قرآن وحدیث، فقہ اسلامی اور سیرت کی روشنی میں زندگی گذارنے کا طریقہ سکھا کر عمل پر کھڑا کیا جائے اور ان مکاتب کو مرتب نظام، بہتر نصاب اور اچھی نگرانی کے ساتھ چلایا جائے، تو امت میں دینی بیداری اور معاشرے میں علمی ودینی فضا قائم ہوسکتی ہے اور ہماری نسل کا دین وایمان محفوظ رہ سکتا ہے۔

ادارۂ دینیات نے اس سلسلے میں مکاتب کو مرتب نظام کے ساتھ چلانے کا آغاز کیا ہے اور ''دینیات'' کے نام سے بچوں اور بڑوں (مردوں اور عورتوں) کے لیے الگ الگ نصاب بھی ترتیب دیا ہے، یہ نرسری کی پہلی کتاب ہے، جو ساڑھے تین سال کے بچوں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ سے یہی دعا ہے کہ اس چھوٹی سی کوشش کو قبول فرمائے اور کام کرنے والوں میں جوڑ، استقامت اور اخلاص پیدا فرمائے۔ آمین

# اس نصاب کے پڑھانے کا طریقہ

اس نصاب کو نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے، جس کے بغیر نصاب کا خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوسکتا، لہٰذا نصاب کو پڑھانے میں نیچے دیے ہوئے امور کی رعایت ضروری ہے۔

- اس نصاب کو پڑھانے کے لیے روزانہ ایک گھنٹے کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔
- سال کے شروع میں دو چار دن طلبہ/طالبات کے حلقے لگانے میں، ان کو کتاب پڑھنے کی ترتیب سمجھانے میں صرف کرنا ہے اور ہر مضمون کی ترغیب اور فضائل بتا کر طلبہ/طالبات میں پڑھنے کا شوق پیدا کرنا ہے۔
- اس پورے نصاب کو اجتماعی طور پر پڑھانا بہت ضروری ہے۔جس کی صورت یہ ہوگی کہ معلم/معلمہ قرآن کریم طلبہ/طالبات کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے پڑھائے، مثلاً: خود پڑھے: ’’اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ‘‘ پھر طلبہ/طالبات پڑھیں: ’’اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ‘‘ پھر پڑھائے: ’’رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ‘‘ پھر طلبہ/طالبات پڑھیں: ’’رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ‘‘ اس طرح جتنا سبق ہو پڑھاتے رہیں۔ چند مرتبہ کے تکرار سے ان شاء اللہ بآسانی یہ چیزیں طلبہ/طالبات کو یاد ہوجائیں گی۔
- قرآن کریم کو صحیح پڑھنے اور لحن جلی سے بچنے کے لیے حروف کے مخارج کا صحیح ہونا ضروری ہے، لہٰذا مخارج کی طرف خاص طور سے توجہ دی جائے اور پہلے ہی دن سے حروف کو ان کے مخارج اور صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھایا جائے۔ سبق روزانہ پڑھاتے رہیں اور ساتھ ساتھ حروف کی ادائیگی درست کراتے رہیں۔
- ہر مہینے میں ۲۰/دن سبق پڑھانے کے، ۴/۵ دن دور اور آموختہ کے اور ۴/۵ دن چھٹی کے ہوں گے، مہینے کے آخر میں ۴/۵ دن پورے مہینے کا دور کرائیں، نیز گذشتہ مہینوں کے اسباق کا دور بھی ان ہی ایام میں کراتے رہیں۔
- اس نصاب میں ہر مہینے کے لیے اسباق متعین کر دیے گئے ہیں اور ہر مہینے کو ایک خانے میں ظاہر کر دیا گیا ہے۔ ان مہینوں کی رعایت کرتے ہوئے اسباق کو مکمل کرنے کی کوشش کریں۔

- دورکے دنوں میں ترغیبی بات کے ذریعے بچوں میں تمام مضامین کی اہمیت ورغبت پیدا کریں۔ ترغیبی بات کے تحت آیات اور حدیثیں مختصر اور عام فہم دی گئی ہیں اور دو چار جملوں میں ان کی تشریح بھی کر دی گئی ہے، اسے طلبہ/طالبات کو پڑھ کر سنا دیں، الگ سے مزید تشریح میں وقت بالکل نہ لگائیں۔
- ہر مہینے کے اسباق معلوم کرنے کے لیے کتاب کی فہرست میں اس کی نشان دہی کی گئی ہے کہ کون سا سبق کس مہینے میں پڑھانا ہے۔
- مہینہ وار مضامین کا جائزہ لینے کے لیے ہر مہینے کے مضامین میں سے اہم سوالات وجوابات کتاب کے آخر میں دیے گئے ہیں، مہینے کے ختم پر مہینہ وار مضامین کا جائزہ لینے اور اس کے نیچے دیے گئے چار کام (۱) ماہانہ سبق سیکھا، حروفِ تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا (۲) سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا (۳) دوسروں کو سکھایا (۴) نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا میں (✓) یا (✗) کا نشان لگانے کے بعد نیچے دستخط کے خانوں میں معلّم/معلّمہ، مہتمم اور والدین دستخط کرنے کا اہتمام کریں اور ذمہ دار حضرات چیک کرنے کے بعد پانچویں اور دسویں مہینے میں دستخط کریں۔
- کتاب کے آخر میں ڈائری دی گئی ہے، جس میں مکتب کے اصول وضوابط، ماہانہ حاضری وغیر حاضری اور فیس چارٹ، سرکیولر اور رخصت فارم وغیرہ چیزیں دی گئی ہیں۔
- ماہانہ حاضری وغیر حاضری چارٹ میں ہر مہینے کے ختم پر ایام تعلیم، ایام حاضری وغیر حاضری اور فیس کی تفصیلات لکھ دیں اور مہینہ مکمل ہوجانے کے بعد خود بھی دستخط کریں اور طلبہ/طالبات کو اپنے والدین سے دستخط کروانے کی ہدایت کریں، اس سے غیر حاضری اور فیس کا مسئلہ بھی حل ہوگا۔
- بچوں کو نورانی قاعدہ کے حروفِ تہجی سے مانوس کرنے اور ان کی پہچان کروانے کے لیے الگ سے ایک ورک بک تیار کی گئی ہے، تاکہ عربی کے الفاظ میں رنگ کرکے بچوں کو حروف کی پہچان ہوجائے۔
- ورک بک میں معلّم/معلّمہ مہینے کے ختم پر دستخط کے خانوں میں دستخط کا اہتمام کریں۔

# فہرست


| عناوین | صفحہ | مہینہ |
|---|---|---|
| ابتدائیہ | ۹ | |
| حمد، نعت – ترغیبی بات | ۹ | |
| ہدایت برائے معلّم/معلّمہ | ۹ | |
| میرے اللہ | ۱۱ | |
| نام محمد ﷺ | ۱۳ | |
| ۱ قرآن (۴۰ منٹ) | | |
| نورانی قاعدہ – ترغیبی بات | ۱۴ | |
| ہدایت برائے معلّم/معلّمہ | ۱۴ | |
| نقطے | ۱۵ | ۱ |
| مفردات (الف اور با) | ۱۶ | ۱ |
| مفردات (تا سے ثا تک) | ۱۸ | ۲ |
| مفردات (جیم سے خا تک) | ۲۰ | ۳ |
| مفردات (دال اور ذال) | ۲۳ | ۴ |
| نقطے سے ذال تک کا دور | ۲۵ | ۵ |
| مفردات (را اور زا) | ۲۶ | ۶ |
| مفردات (سین اور شین) | ۲۸ | ۷ |
| مفردات (صاد اور ضاد) | ۳۰ | ۸ |
| الف سے ضاد تک کا دور | ۳۱ | ۹، ۱۰ |
| حفظ سورۃ – ترغیبی بات | ۳۳ | |
| ہدایت برائے معلّم/معلّمہ | ۳۳ | |
| تعوذ | ۳۴ | ۱ |
| تسمیہ | ۳۴ | ۲، ۳ |
| سورۂ فاتحہ | ۳۴ | ۴تا۸ |
| تعوذ، تسمیہ کا دور | ۳۵ | ۹ |
| سورۂ فاتحہ کا دور | ۳۵ | ۱۰ |
| ۲ حدیث (۵ منٹ) | | |
| دُعا و سنت – ترغیبی بات | ۳۶ | |
| ہدایت برائے معلّم/معلّمہ | ۳۶ | |
| کسی مسلمان سے ملیں، تو سلام کریں | ۳۷ | ۱ |
| علم حاصل کرنے کی دعا | ۳۷ | ۲ |
| کھانے سے پہلے کی دُعا | ۳۷ | ۲ |
| ہر اچھے کام کو شروع کرتے وقت پڑھیں | ۳۸ | ۳ |
| کوئی نعمت حاصل ہو تو کہیں | ۳۸ | ۳ |
| کھانے کے بعد کی دُعا | ۳۸ | ۴ |
| چھینک آنے پر کہیں | ۳۹ | ۵ |
| کوئی کچھ دے یا اچھا سلوک کرے، تو کہیں | ۳۹ | ۵ |
| کوئی مسلمان سلام کرے، تو یہ جواب دیں | ۳۹ | ۶ |
| سونے سے پہلے کی دُعا | ۴۰ | ۷ |

# فہرست


| عناوین | صفحہ | مہینہ |
|---|---|---|
| اونچی جگہ پر چڑھتے ہوئے پڑھیں | ۴۰ | ۸ |
| نیچے اُترتے ہوئے پڑھیں | ۴۰ | ۸ |
| دودھ پینے کے بعد کی دُعا | ۴۱ | ۹ |
| تمام دُعاؤں کا دور | ۴۱ | ۱۰ |
| **۳ عقائدومسائل** (۵منٹ) | | |
| عقائد - ترغیبی بات | ۴۲ | |
| ہدایت برائے معلّم/معلّمہ | ۴۲ | |
| کلمۂ طیبہ | ۴۳ | ۱تا۵ |
| کلمۂ طیبہ دور | ۴۳ | ۶-۱۰ |
| **۴ اسلامی تربیت** (۵منٹ) | | |
| اسلامی معلومات - ترغیبی بات | ۴۴ | |
| ہدایت برائے معلّم/معلّمہ | ۴۴ | |
| سبق ۱ | ۴۵ | ۱-۲ |
| سبق ۲ | ۴۵ | ۳-۴ |
| سبق ۳ | ۴۵ | ۵-۶ |
| سبق ۴ | ۴۵ | ۷-۸ |
| سبق ۵ | ۴۵ | ۹-۱۰ |
| **۵ زبان** (۵منٹ) | | |
| عربی - ترغیبی بات | ۴۶ | |
| ہدایت برائے معلّم/معلّمہ | ۴۶ | |
| اَلْاَلْوَانُ مختلف رنگ سبق ۱ | ۴۷ | ۱-۲ |
| سبق ۲ | ۴۷ | ۳-۴ |
| سبق ۳ | ۴۷ | ۵-۶ |
| سبق ۴ | ۴۸ | ۷-۸ |
| تمام رنگوں کے ناموں کا دور | ۴۸ | ۹-۱۰ |
| مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ | ۴۹ | |
| **ڈائری** | ۵۹ | |
| ماہانہ حاضری و غیر حاضری اور فیس چارٹ | ۶۴ | |
| سر کُلر | ۶۵ | |
| رخصت فارم | ۶۶ | |
| والدین/اولاد کے حقوق | ۶۷ | |
| ترانۂ دینیات | ۶۸ | |



# ابتدائیہ

## حمد و نعت


## ترغیبی بات

جن اشعار میں اللہ تعالیٰ کی تعریف، ہمارے نبی ﷺ کی صفات اور پیاری باتیں ہوں، تو وہ اشعار پسندیدہ ہیں۔

## ہدایت برائے معلّم/معلّمہ

اس عنوان کے تحت ایک حمد اور ایک نعت دی گئی ہے، جو طلبہ/طالبات کو درس گاہ میں آنے کے وقت اجتماعی طور پر پڑھا دی جائے۔ ایک دن حمد پڑھائیں اور ایک دن نعت۔

ابتدا میں طلبہ/طالبات کو خود پڑھائیں پھر یاد ہو جانے کے بعد باری باری ہر طالب علم/طالبہ سے پڑھوائیں، اسے باقاعدہ یاد کرانے کی ضرورت نہیں، بس روزانہ پابندی سے پڑھاتے رہیں گے، تو ان شاء اللہ چند روز میں خود بخود طلبہ/طالبات کے ذہن نشیں ہو جائے گی۔



## میرے اللہ

میرے اللہ، میرے اللہ
تو ہے بڑا، سب سے بڑا

تونے اس دُنیا کو بنایا
اور ہمیں پھر اس میں بسایا

میرے اللہ، میرے اللہ
تو ہے بڑا، سب سے بڑا

تونے مجھے پیدا کیا ہے
تونے مجھے سب کچھ دیا ہے

میرے اللہ، میرے اللہ
تو ہے بڑا، سب سے بڑا

جلّ جلالہٗ

# ابتدائیه | نعت



## نام محمد ﷺ

آنکھوں کا تارہ نام محمد
دل کا اُجالا نام محمد

اللہ اکبر رب العلی نے
عرش پہ لکھا نام محمد

آنکھوں کا تارہ نام محمد
دل کا اُجالا نام محمد

پوچھے گا مولیٰ لایا ہے کیا کیا
میں یہ کہوں گا نام محمد

آنکھوں کا تارہ نام محمد
دل کا اُجالا نام محمد

ﷺ

# نورانی قاعدہ

## ترغیبی بات

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے، جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔


[بخاری: ۵۰۲۷، عن عثمان رضی اللہ عنہ]

قرآن کریم دنیا کی سب سے اچھی کتاب ہے، اس میں اچھی اچھی باتیں اور قصے ہیں، جن کو پڑھ کر انسان کو سکون ملتا ہے اور اس پر عمل کرنے سے دنیا و آخرت میں کامیابی ملتی ہے، جو آدمی قرآن پڑھتا اور پڑھاتا ہے، وہ سب سے اچھا آدمی ہے۔

## ہدایت برائے معلّم/معلّمہ

اس سال نورانی قاعدے کے نصاب میں صرف مفرد حروف "الف سے ضاد" تک کی شناخت دی گئی ہے۔ اسباق میں ان حروف کا کئی مرتبہ تکرار کیا گیا ہے تاکہ طلبہ/طالبات کو ان حروف کی صحیح پہچان ہو سکے اور ان کی ادائیگی میں صحت اور جماؤ ہو۔ اسے طلبہ/طالبات کو اجتماعی طور پر پڑھائیں اور پڑھانے میں تختۂ سیاہ (بلیک بورڈ) کا استعمال کریں۔

# نقطه



# سبق ۱

## مفردات (حروف تہجی "الف سے ض" تک)

ا

ا ا ا

ا

# سبق ۲

• •• ∴ ا

# ب

ب ب ب

ب ا • ••

∴ ب ا ∴

# سبق ۳

•   ••   ∴   ا   ب

# ت

ت   ت   ت

ت   ب   ا   •

••   ∴   ب   ا

# سبق ۴

ت ب ا ∴ •• •

# ث

ث ث ث

ث ا ب •

ث ∴ •• •

# سبق ۵

۰ ‥ ∴ ا ب ت ث

# ج

ج ج ج

ج ب ث ت

ا ∴ ‥ ۰

# سبق ٦

· ·· ∴ ا ب ت ث

ج

ح

ح ح ح

ح ب ث ت

ا ج ··_ ··

# سبق ۷

• •• ∴ ا ب ت ث

ج ح

# خ

خ خ خ

خ ب ت ا

ج ث ح •

# سبق ۸

۰ .. ∴ ا ب ت ث

ج ح خ

د

د د د

د خ ث ت

ا ج ب ح

# سبق ۹

• ·· ∴ ا ب ت ث

ج ح خ د

## ذ

ذ ذ ذ

ذ خ ث ت

ا ح ب د

# سبق ۱۰

## نقطے (٠) سے ذال (ذ) تک کا دور

| | | |
|---|---|---|
| ٠ | ٠٠ | ٠٠٠ |
| ا | ب | ت |
| ث | ج | ح |
| خ | د | ذ |

# سبق ۱۱

ا ب ت ث ج ح خ

د ذ

ر

ر ر ر

ر ث ذ ت

ب ج ح د

# سبق ۱۲

ا ب ت ٹ ج ح خ

د ذ ر

ز

ز ز ز

ز خ ذ ر

ت ٹ ح د

# سبق ۱۳

ا ب ت ث ج ح خ

د ذ ر ز

# س

س س س

س ز د خ

ح ر س ذ

# سبق ۱۴

ا ب ت ث ج ح خ

د ذ ر ز س

# ش

ش ش ش

ش ز د خ

ح ر س ذ

# سبق ۱۵

ا ب ت ث ج ح خ

د ذ ر ز س ش

ص

ص ص ص

ص ز د ش

ذ س ر ح

# سبق ۱۶

ا ب ت ث ج ح خ

د ذ ر ز س ش ص

# ض

ض ض ض

ض ز ص ش

ذ ج خ ر

# سبق ۱۷

ا ب ت

ث ج ح

خ د ذ

ر ز س

ش ص ض

# حفظِ سورۃ

## ترغیبی بات

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جس شخص کے دل میں قرآن کریم کا کوئی حصہ بھی محفوظ نہیں، وہ ویران گھر کی طرح ہے۔

[ترمذی: ۲۹۱۳، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما]

قرآن کریم کو یاد کرنے کا بہت بڑا انعام ہے، قرآن یاد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل فرمائیں گے اور اس کے ماں باپ کو بھی قیمتی تاج پہنائیں گے۔ قرآن یاد کرنے سے انسان کا دل زندہ رہتا ہے۔

## ہدایت برائے معلّم/معلّمہ

حفظ سورۃ کے نصاب میں تعوذ، تسمیہ اور سورۂ فاتحہ دی گئی ہیں۔

طلبہ/طالبات کو سورۂ فاتحہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے اجتماعی طور پر تجوید کی مکمل رعایت کے ساتھ پڑھائیں۔

ہر سبق کو کچھ دنوں تک خود پڑھائیں پھر طلبہ/طالبات سے باری باری پڑھوائیں۔

## سبق ۱ | تعوذ

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

| ۱ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|

## سبق ۲ | تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

| ۲ | ۳ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۳ | سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۱

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲ لا الرَّحْمٰنِ

الرَّحِيْمِ ۝۳ لا مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۴ ط

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۵ ط

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ ﴿۶﴾

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ ۙ۵ غَیۡرِ

الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ﴿۷﴾ ع

| ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|---|---|---|

# سبق ۴

## تعوذ، تسمیہ کا دور

| ۹ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|

# سبق ۵

## سورۂ فاتحہ کا دور

| ۱۰ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|



# دعا وسنّت

## ترغیبی بات

حدیث: نبیٔ کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں سب سے پسندیدہ عمل دعا ہے۔ [ترمذی: ۳۳۷۰، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگنا بہت اچھی بات ہے، ہم کو تمام چیزیں اللہ تعالیٰ ہی دیتے ہیں، جو دُعا مانگتا ہے، اللہ تعالیٰ اس سے خوش ہوتے ہیں اور اس کی دُعا قبول کرتے ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے دُعا نہیں مانگتا، اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتے ہیں، اس لیے ہمیں اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگنے کی عادت ڈالنی چاہیے۔

## ہدایت برائے معلّم/معلّمہ

اس عنوان کے تحت روزمرہ پیش آنے والے اعمال کی چھوٹی چھوٹی دُعائیں دی گئی ہیں۔ ان دعاؤں کو اجتماعی طور پر یاد کرائیں اور ان پر عمل کرنے کی ترغیب بھی دیتے رہیں۔ ان دُعاؤں کو صحیح ادائیگی کے ساتھ یاد کرانے پر خاص توجہ دیں۔

## سبق ۱ | کسی مسلمان سے ملے، تو سلام کرے



اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

[ترمذی:۲۶۸۹، عن عمران بن حصین رضی اللہ عنہما]

| ۱ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|

## سبق ۲ | علم حاصل کرنے کی دعا



اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا.

[ابن ماجہ:۳۸۴۳، عن جابر رضی اللہ عنہ]

## سبق ۳ | کھانے سے پہلے کی دعا



بِسْمِ اللّٰهِ.

[ترمذی:۱۸۵۸، عن عائشہ رضی اللہ عنہا]

| ۲ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|

## سبق ۴ | ہر اچھے کام کو شروع کرتے وقت پڑھے



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

[الاذکار: ۱/۱۵۶، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

## سبق ۵ | کوئی نعمت حاصل ہو، تو کہے



اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ.

[ابن ماجہ: ۳۸۰۵، عن انس رضی اللہ عنہ]




## سبق ۶ | کھانے کے بعد کی دُعا



اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِيۡ أَطۡعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ.

[ترمذی: ۳۴۵۷، عن ابی سعید رضی اللہ عنہ]

# سبق ۷ | چھینک آنے پر کہے



## اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ.

[بخاری: ۶۲۲۴، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

# سبق ۸ | کوئی کچھ دے یا اچھا سلوک کرے، تو کہے



## جَزَاكَ اللّٰہُ خَیْرًا.

[ترمذی: ۲۰۳۵، عن اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما]



# سبق ۹ | کوئی مسلمان سلام کرے، تو یہ جواب دے



## وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَكَاتُہٗ.

[مسند احمد: ۱۲۶۱۲، عن انس رضی اللہ عنہ]

## سبق ۱۰ | سونے سے پہلے کی دُعا




# اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا.

[بخاری: ۶۳۱۴، عن حذیفہ رضی اللہ عنہ]

۷ مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں


## سبق ۱۱ | اونچی جگہ پر چڑھتے ہوئے پڑھے



# اَللّٰهُ أَكْبَرُ.

[بخاری: ۲۹۹۳، عن جابر رضی اللہ عنہ]

## سبق ۱۲ | نیچے اترتے ہوئے پڑھے



# سُبْحَانَ اللهِ.

[بخاری: ۲۹۹۳، عن جابر رضی اللہ عنہ]

۸ مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں

## سبق ۱۳ | دودھ پینے کے بعد کی دُعا




# اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ.

[ترمذی: ۳۴۵۵، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما]

| ۹ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|

## سبق ۱۴

### تمام دعاؤں کا دور

| ۱۰ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|

# عقائد

## ترغیبی بات


حدیث: نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو کوئی بندہ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کہے اور پھر اسی پر اس کو موت آجائے، تو وہ جنت میں ضرور جائے گا۔ [مسلم: ۲۸۳، عن ابی ذر رضی اللہ عنہ]

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی باتوں کو سچا اور پکا ماننا اور اس میں کسی قسم کا شک نہ کرنا؛ اس کا نام عقیدہ ہے۔ جس شخص کے عقائد صحیح ہوں گے، اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کریں گے اور جس کے عقائد صحیح نہیں ہوں گے، ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ سخت سزا دیں گے۔

## ہدایت برائے معلّم / معلّمہ

عقائد کے تحت پہلا کلمہ دیا گیا ہے، اس کو اجتماعی طور پر یاد کرائیں۔ کلمہ یاد کراتے وقت اس بات کو بھی واضح کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ کون ہیں؟ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کون ہیں؟ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اور ان کی تمام باتوں کو ماننا ضروری ہے۔

## سبق ۱ | کلمۂ طیبہ



لَآ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

[معجم صغیر: ۹۹۲، عن عمر رضی اللہ عنہ]

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|---|---|---|

## سبق ۲ | کلمۂ طیبہ کا دور

لَآ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

[معجم صغیر: ۹۹۲، عن عمر رضی اللہ عنہ]

| ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|---|---|---|

# اسلامی معلومات

## ترغیبی بات

حدیث : نبیٔ کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ علم والوں کے لیے آسمان وزمین کی ساری چیزیں مغفرت کی دعا کرتی ہیں، یہاں تک کہ دریا کے پانی کے اندر رہنے والی مچھلیاں بھی۔

[ابو داؤد:۳۶۴۱، عن ابی درداء رضی اللہ عنہ]

دین کی باتوں کو سیکھنا ضروری ہے، اس کے بہت فضائل ہیں۔ جو شخص علم دین حاصل کرتا ہے، اللہ کے یہاں اس کا بڑا مقام ہے، ساری مخلوق علم دین حاصل کرنے والے کے لیے مغفرت کی دعا کرتی ہے۔

## ہدایت برائے معلّم/معلّمہ

اسلامی معلومات میں بچوں کے انداز میں اسلام کے بنیادی عقائد، توحید ورسالت کے متعلق سوالات وجوابات کو جمع کیا گیا ہے۔ سارے سوالات و جوابات طلبہ/طالبات کو اجتماعی طور پر یاد کرا دیے جائیں۔

## سبق ۱

سوال : تم کون ہو؟

جواب : ہم مسلمان ہیں۔ [سورۂ حج:۷۸]

| ۱ | ۲ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۲

سوال : تمھارا مذہب کیا ہے؟

جواب : ہمارا مذہب اسلام ہے۔ [سورۂ اٰل عمران:۱۹]

| ۳ | ۴ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۳

سوال : اسلام کیا سکھاتا ہے؟

جواب : اسلام سکھاتا ہے کہ اللہ ایک ہے، وہی عبادت کے لائق ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ [بخاری:۳۴۳۵،عن عبادہ رضی اللہ عنہ]

| ۵ | ۶ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۴

سوال : آنکھ، ہاتھ، کان ہمیں کس نے دیے ہیں؟

جواب : آنکھ، ہاتھ، کان ہمیں اللہ نے دیے ہیں۔

[سورۂ مؤمنون:۷۸، سورۂ فرقان:۲]

| ۷ | ۸ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۵

سوال : ہمارے نبی کا نام کیا ہے؟

جواب : ہمارے نبی کا نام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

[احزاب: ۴۰]

| ۹ | ۱۰ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

# عربی

## ترغیبی بات

قرآن : اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ قُرۡءٰنًا عَرَبِيًّا. [سورۂ یوسف:۲]

ترجمہ : یقیناً ہم نے قرآن کو عربی زبان میں اتارا۔

عربی زبان سے ہر مسلمان کو دلی محبت اور لگاؤ ہونا چاہیے اور اس کو سیکھنے کی کوشش بھی کرنا چاہیے، اس لیے کہ یہ اسلامی زبان ہے، قرآن کی زبان ہے، اللہ کے رسول ﷺ کی زبان ہے، جنت والوں کی زبان ہے۔

## ہدایت برائے معلّم/معلّمہ

عربی زبان کے نصاب میں بچوں کی دلچسپی کی خاطر رنگوں کے چند نام عربی میں دیے گئے ہیں۔عربی زبان سے طلبہ/طالبات کو تھوڑی بہت مناسبت ہو جائے ،اس لیے ان کو یہ تمام الفاظ اجتماعی طور پر یاد کرادیں اور مشق کراتے وقت ترتیب کو بدل کر یعنی الٹ پلٹ کر اُن سے پوچھیں۔

## سبق ۱ | اَلْأَلْوَانُ | مختلف رنگ

| | | |
|---|---|---|
| أَصْفَرُ | پیلا |  |

| ۱ | ۲ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۲

| | | |
|---|---|---|
| أَحْمَرُ | لال |  |

| ۳ | ۴ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۳

| | | |
|---|---|---|
| أَزْرَقُ | نیلا |  |

| ۵ | ۶ | مہینے میں پڑھائیں | جائزہ چارٹ میں دستخط کریں |
|---|---|---|---|

## سبق ۴

| | | |
|---|---|---|
| أَخْضَرُ | ہرا |  |

٧ | ٨ مہینے میں پڑھائیں — جائزہ چارٹ میں دستخط کریں

## سبق ۵ | تمام رنگوں کے ناموں کا دور

| | | |
|---|---|---|
| أَصْفَرُ | پیلا |  |
| أَحْمَرُ | لال |  |
| أَزْرَقُ | نیلا |  |
| أَخْضَرُ | ہرا |  |

٩ | ١٠ مہینے میں پڑھائیں — جائزہ چارٹ میں دستخط کریں

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## پہلے مہینے کے سوالات و جوابات

| | |
|---|---|
| قرآن | نقطے اور حروف کی پہچان کیجیے۔<br>•، ••، ڜ، ا، ب.<br>سوال : تعوذ سنائیے۔<br>جواب : اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ |
| حدیث | سوال : کسی مسلمان سے ملے، تو سلام کیسے کرے؟<br>جواب : اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ. |
| عقائد و مسائل | سوال : کلمۂ طیبہ سنائیے۔<br>جواب : لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ. |
| اسلامی تربیت | سوال : تم کون ہو؟<br>جواب : ہم مسلمان ہیں۔ |
| زبان | سوال : پیلے رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟<br>جواب : أَصْفَرُ. |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط      والدین دستخط      پرنسپل دستخط

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## دوسرے مہینے کے سوالات و جوابات

| مضمون | سوالات و جوابات |
|---|---|
| قرآن | نقطے اور حروف کی پہچان کیجیے۔<br>•، ••، •••، ا، ب، ت، ث۔<br>سوال : تسمیہ سنائیے۔<br>جواب : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ |
| حدیث | سوال : علم حاصل کرنے کی دعا کیا ہے؟<br>جواب : اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا.<br>سوال : کھانے سے پہلے کی دعا سنائیے۔<br>جواب : بِسْمِ اللّٰهِ. |
| عقائد و مسائل | سوال : کلمۂ طیبہ سنائیے۔<br>جواب : لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ. |
| اسلامی تربیت | سوال : تم کون ہو؟<br>جواب : ہم مسلمان ہیں۔ |
| زبان | سوال : پیلے رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟<br>جواب : أَصْفَرُ. |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروفِ تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط ــــــــــــ والدین دستخط ــــــــــــ پرنسپل دستخط ــــــــــــ

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## تیسرے مہینے کے سوالات وجوابات

| | |
|---|---|
| قرآن | حروف کی پہچان کیجیے۔<br>ب، ث، ج، ح، خ۔<br>سوال : تسمیہ سنائیے۔<br>جواب : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ |
| حدیث | سوال : ہر اچھے کام کو شروع کرتے وقت کیا پڑھیں گے؟<br>جواب : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔<br>سوال : کوئی نعمت حاصل ہو تو کیا کہیں گے؟<br>جواب : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ |
| عقائد و مسائل | سوال : کلمۂ طیبہ سنائیے۔<br>جواب : لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ |
| اسلامی تربیت | سوال : تمھارا مذہب کیا ہے؟<br>جواب : ہمارا مذہب اسلام ہے۔ |
| زبان | سوال : لال رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟<br>جواب : أَحْمَرُ۔ |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |

معلّم/معلّمہ دستخط — والدین دستخط — پرنسپل دستخط

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## چوتھے مہینے کے سوالات وجوابات

| | |
|---|---|
| قرآن | حروف کی پہچان کیجیے۔<br>ج، ا، ث، د، ذ ۔<br>سوال : سورۂ فاتحہ کی ۱/ ۲ آیت سنائیے۔<br>جواب : بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۱﴾ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲﴾ |
| حدیث | سوال : کھانے کے بعد کی دعا سنائیے۔<br>جواب : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ. |
| عقائد و مسائل | سوال : کلمۂ طیبہ سنائیے۔<br>جواب : لَآ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ. |
| اسلامی تربیت | سوال : تمھارا مذہب کیا ہے؟<br>جواب : ہمارا مذہب اسلام ہے۔ |
| زبان | سوال : لال رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟<br>جواب : أَحْمَرُ . |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط ________ والدین دستخط ________ پرنسپل دستخط ________

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## پانچویں مہینے کے سوالات و جوابات

| | | |
|---|---|---|
| قرآن | | نقطے اور حروف کی پہچان کیجیے۔ ۔ ٭، ٭٭، ا، ت، ث، ج، خ، ذ ۔ |
| | سوال : | سورۂ فاتحہ کی ۳/۱ آیتیں سنائیے۔ |
| | جواب : | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝١ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝٢ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝٣ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ۝٤ |
| حدیث | سوال : | چھینک آنے پر کیا کہیں گے؟ |
| | جواب : | اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ. |
| | سوال : | کوئی کچھ دے یا اچھا سلوک کرے، تو کیا کہیں گے؟ |
| | جواب : | جَزَاكَ اللّٰهُ خَيۡرًا . |
| عقائد و مسائل | سوال : | کلمۂ طیبہ سنائیے۔ |
| | جواب : | لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ . |
| اسلامی تربیت | سوال : | اسلام کیا سکھاتا ہے؟ |
| | جواب : | اسلام سکھاتا ہے کہ اللہ ایک ہے، وہی عبادت کے لائق ہے اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ |
| زبان | سوال : | نیلے رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ |
| | جواب : | أَزۡرَق . |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط ________ والدین دستخط ________ پرنسپل دستخط ________ ذمہ دار دستخط ________

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔ پانچویں مہینے کے ختم پر ذمہ دار دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## چھٹے مہینے کے سوالات و جوابات

### قرآن

حروف کی پہچان کیجیے۔ ت، ح، د، ز .

سوال : سورۂ فاتحہ کی ۱/۴ آیتیں سنائیے۔

جواب : بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝١ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝٢
الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝٣ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ۝٤ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ
وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ۝٥

### حديث

سوال : کوئی مسلمان سلام کرے، تو کیا جواب دیں گے؟

جواب : وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

### عقائد و مسائل

سوال : کلمۂ طیبہ سنائیے۔

جواب : لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ .

### اسلامی تربیت

سوال : اسلام کیا سکھاتا ہے؟

جواب : اسلام سکھاتا ہے کہ اللہ ایک ہے، وہی عبادت کے لائق ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

### زبان

سوال : نیلے رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟

جواب : أَزْرَق .

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |

معلّم/معلّمہ دستخط

والدین دستخط

پرنسپل دستخط

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## ساتویں مہینے کے سوالات وجوابات

| | |
|---|---|
| **قرآن** | حروف کی پہچان کیجیے۔ ب، ت، ا، ج، د، س، ش ۔<br>سوال : سورۂ فاتحہ کی ۵/ آیتیں سنائیے۔<br>جواب : بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۱﴾ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۳﴾ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ﴿۴﴾ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ﴿۵﴾ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ﴿۶﴾ |
| **حدیث** | سوال : سونے سے پہلے کی دعا سنائیے۔<br>جواب : اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا ۔ |
| **عقائد و مسائل** | سوال : کلمۂ طیبہ سنائیے۔<br>جواب : لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ |
| **اسلامی تربیت** | سوال : آنکھ، ہاتھ، کان ہمیں کس نے دیے ہیں؟<br>جواب : آنکھ، ہاتھ، کان ہمیں اللہ نے دیے ہیں۔ |
| **زبان** | سوال : ہرے رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟<br>جواب : أَخْضَرُ ۔ |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط   والدین دستخط   پرنسپل دستخط

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## آٹھویں مہینے کے سوالات وجوابات

| | | |
|---|---|---|
| قرآن | حروف کی پہچان کیجیے۔ | ت، ح، د، ش، ص، ض ۔ |
| | سوال : سورۂ فاتحہ سنائیے۔ | |
| | جواب : بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝١ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝٢ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝٣ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝٤ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝٥ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝٦ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۬ۙ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝٧ | |
| حدیث | سوال : اونچی جگہ پر چڑھتے ہوئے کیا پڑھیں گے؟ | جواب : اَللّٰہُ أَکۡبَرُ . |
| | سوال : نیچے اترتے ہوئے کیا پڑھیں گے؟ | جواب : سُبۡحَانَ اللّٰہِ . |
| عقائد و مسائل | سوال : کلمۂ طیبہ سنائیے۔ | |
| | جواب : لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ . | |
| اسلامی تربیت | سوال : آنکھ، ہاتھ، کان ہمیں کس نے دیے ہیں؟ | |
| | جواب : آنکھ، ہاتھ، کان ہمیں اللہ نے دیے ہیں۔ | |
| زبان | سوال : ہرے رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ | |
| | جواب : أَخۡضَرُ . | |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط ______ والدین دستخط ______ پرنسپل دستخط ______

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## نویں مہینے کے سوالات و جوابات

| | | |
|---|---|---|
| قرآن | | حروف کی پہچان کیجیے۔<br>ا، ت، ث، خ، ذ ۔ |
| | سوال : | تعوذ اور تسمیہ سنائیے۔ |
| | جواب : | اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝<br>بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ |
| حدیث | سوال : | دودھ پینے کے بعد کی دعا سنائیے۔ |
| | جواب : | اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ . |
| عقائد و مسائل | سوال : | کلمۂ طیبہ سنائیے۔ |
| | جواب : | لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ . |
| اسلامی تربیت | سوال : | ہمارے نبی کا نام کیا ہے؟ |
| | جواب : | ہمارے نبی کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔ |
| زبان | سوال : | پیلے اور لال رنگ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ |
| | جواب : | أَصْفَرُ اور أَحْمَرُ . |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط　　　　والدین دستخط　　　　پرنسپل دستخط

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔

# مہینہ وار مضامین کا جائزہ چارٹ

## دسویں مہینے کے سوالات و جوابات

| | |
|---|---|
| قرآن | حروف کی پہچان کیجیے۔ د، ز، س، ش، ص، ض ۔<br>سوال : سورۂ فاتحہ سنائیے۔<br>جواب : بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴿۱﴾ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۲﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴿۳﴾ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿۴﴾ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ﴿۵﴾ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ﴿۶﴾ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿۷﴾ |
| حدیث | سوال : علم حاصل کرنے کی دعا سنائیے۔<br>جواب : اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا.<br>سوال : کھانے کے بعد کی دعا سنائیے۔<br>جواب : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ. |
| عقائد و مسائل | سوال : کلمۂ طیبہ کے ساتھ سنائیے۔<br>جواب : لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ. |
| اسلامی تربیت | سوال : ہمارے نبی کا نام کیا ہے؟<br>جواب : ہمارے نبی کا نام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ |
| زبان | سوال : نیلے اور ہرے کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟<br>جواب : أَزْرَقُ اور أَخْضَرُ . |

| کام | ماہانہ سبق سیکھا، حروف تہجی میں رنگ بھر دیا اور جوڑیاں لگایا | | سیکھے ہوئے سبق پر عمل کیا | | دوسروں کو سکھایا | | نئے طلبہ/طالبات کو مکتب بلایا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

معلّم/معلّمہ دستخط    والدین دستخط    پرنسپل دستخط    ذمہ دار دستخط

چیک کرنے کے بعد کام کے خانے میں یہ ✓ نشان لگائیں اور نیچے دستخط کریں۔ دسویں مہینے کے ختم پر ذمہ دار دستخط کریں۔

# ڈائری

## طالب علم/طالبہ کی ذاتی تفصیلات

نام: ____________________

تاریخ پیدائش: ____________________

پتہ: ____________________

فون نمبر: ____________________

موبائل نمبر: ____________________

جماعت: ____________________

متعلقہ معلّم/معلّمہ کا نام: ____________________

مکتب کا وقت: ____________________

آمد ورفت کا ذریعہ: ____________________

والد کا نام: ____________________

سرپرست کا نام: ____________________

پیشہ: ____________________

موبائل نمبر: ____________________

آفس نمبر: ____________________

ای میل: ____________________

## مستورات مکتب کے لیے

والدہ کا نام: ____________________

پیشہ: ____________________

موبائل نمبر: ____________________

ای میل: ____________________

## ہنگامی صورت میں مکتب اس پتے پر رابطہ کرے

نام: ________________________________

رشتہ: ________________________________

پتہ: ________________________________

گھر کا نمبر: ________________________________

موبائل نمبر: ________________________________

## ڈائری کا مقصد

اس ڈائری کا مقصد معلومات پہنچانا نیز گھر اور مکتب کے درمیان ایک اچھا رابطہ قائم رکھنا ہے۔ والدین سے درخواست ہے کہ اس ڈائری کو معلم/معلمہ سے رابطہ قائم رکھنے کے لیے استعمال میں لائیں۔

## تعلیمی سال

تعلیمی سال __________ سے __________ تک رہے گا، جس میں کل ۱۵ر چھٹیاں رہیں گی۔

## چھٹیوں کے دن

عید الفطر کے موقع پر ۶ر دن کی چھٹی ہوگی، جس کی ابتدا ۲۷ر رمضان سے ہوگی۔ عید الاضحیٰ میں ۹/ ۱۰/ ۱۱/ ۱۲ر ذی الحجہ کو ۴ر دن۔ یوم آزادی ار دن۔ یوم جمہوریہ ار دن۔ ۱۵ر شعبان ار دن۔ ۱۲ر ربیع الاول ار دن۔ ۱۰ر محرم ار دن۔

نوٹ: علاقے کی نوعیت کے اعتبار سے مکتب میں چھٹی رکھی جاسکتی ہے، جیسے: گنپتی، ہولی وغیرہ تاکہ بچوں کو مکتب آنے جانے میں پریشانی نہ ہو۔

## داخلہ

- ہر سال نیا داخلہ __________ سے شروع ہوگا، اس لیے تمام والدین سے درخواست ہے کہ اپنے بچوں کا داخلہ کے مہینہ میں ہی کرائیں۔ داخلہ فارم __________ کے مہینے میں ہی تقسیم کردیا جائے گا۔ ان شاء اللہ
- داخلہ کے وقت بچوں کی عمر کم سے کم ساڑھے تین سال ہونا ضروری ہے۔ زیادہ عمر کی کوئی قید نہیں۔
- اگر کوئی طالب علم/طالبہ دوسرے مکتب سے پڑھ کر آئے، تو اس کا جائزہ لینے کے بعد اس کی صلاحیت کے مطابق درجہ طے کیا جائے گا اور اگر دینیات مکتب سے پڑھ کر آئے، تو رزلٹ کارڈ ساتھ میں لانا ضروری ہے۔

## یونیفارم

- طلبہ: کرتا، پائجامہ اور ٹوپی۔
- طالبات: اسکارف اور برقع۔
- مستورات: شرعی پردہ۔

## نصاب

بچے کی جو عمر سیکھنے کی ہوتی ہے، اس کا خیال رکھتے ہوئے دینیات نصاب تیار کیا گیا ہے، بچوں کا نصاب نرسری ۱ اور نرسری ۲ کے علاوہ تین حصوں پر مشتمل ہے :

- پرائمری نصاب: ۵/ سالہ۔ ثانوی نصاب: ۵/ سالہ۔
- اضافی نصاب: ۵/ سالہ۔ بالغان (مردوں اور عورتوں کے لیے) : ۳/ سالہ۔ معلم کورس: ۱/ سالہ۔ معلمہ کورس: ۱/ سالہ۔

نوٹ: دینیات مکتب فائن ٹچ میں ۶/ سالہ عالمیت کورس اور تین سالہ مومنہ کورس بھی پڑھایا جاتا ہے۔

## فیس

- نئے داخلے کے وقت داخلہ فیس ادا کرنی ہوگی۔
- داخلے کے وقت اگر گنجائش ہو، تو پورے سال کی فیس یا چھ ماہ کی یا آخری درجے میں تین ماہ کی فیس؛ داخلہ فیس کے ساتھ لی جائے گی۔
- فیس پورے سال کی ادا کرنی ہوگی، چاہے طالب علم/ طالبہ حاضر رہے یا غیر حاضر۔
- جن طلبہ/ طالبات کا چھٹیوں میں مکتب آنے کا ارادہ ہو، ان کو چھٹیوں کی فیس الگ سے ادا کرنی ہوگی۔

## رخصت فارم

ضرورت کی وجہ سے چھٹی لینے کے لیے رخصت فارم دیا گیا ہے، رخصت فارم میں چھٹی پہلے سے منظور کروانے کے بعد والدین اور انتظامیہ کو دستخط کرنا ہے۔

## سرکُلر

والدین جوڑ، امتحان، تعطیل اور جلسہ وغیرہ کے بارے میں مکتب سے جو تحریری اعلانات بچوں کے ہاتھوں والدین تک پہنچائے جاتے ہیں، اسے سرکُلر کہتے ہیں سرکُلر فارم میں اس اعلان کا نمبر اور جس دن یہ اعلان کیا گیا ہے؛ اس دن کی تاریخ لکھنا ہے اور پھر معلم/ معلمہ اور والدین کو دستخط کرنا ہے۔

## والدین اور اساتذہ کی میٹنگ

سال میں اساتذہ اور والدین کی ۴/ میٹنگ ہوں گی۔ میٹنگ کے نظام سے والدین کو اپنے بچے کی تعلیمی اور اخلاقی حالات کے بارے میں اساتذہ سے بات چیت کرنے کا بہترین موقع ملے گا اور بچے کی ترقی کے راستے کھلیں گے۔ میٹنگ کے دن اور وقت کی اطلاع پمفلیٹ یا سرکُلر کے ذریعے دی جائے۔

## والدین کی ذمہ داریاں

- اپنے بچوں کو مکتب میں پابندی سے بھیجنے کی فکر کریں۔
- کتاب، بیگ، آئی کارڈ، یونیفارم وغیرہ کا انتظام کریں۔
- رخصت کی ترتیب پہلے سے بنائیں اور انتظامیہ کو اس کی اطلاع دیں۔
- درمیانی سال میں بیچ تبدیل نہ کروائیں۔
- بچے کی فیس وقت پر ادا کریں۔

- بچوں کی تعلیمی واخلاقی کیفیت اور اس میں ترقی کے لیے مکتب کے استاد، مہتمم (principal) اور ذمہ دار سے وقتاً فوقتاً ملاقات کریں۔
- مہینہ ختم ہونے پر بچے کا سبق سنیں اور جائزہ چارٹ میں دستخط کریں۔
- مہینہ ختم ہونے پر حاضری چارٹ چیک کر کے دستخط کریں۔
- نماز چارٹ کے خانوں کو چیک کریں اور مہینے کے آخر میں دستخط کریں۔
- کتاب کے آخر میں ڈائری کو چیک کریں اور اس میں لکھی گئی ہدایات پر عمل کریں اور اگر کوئی مشورہ ہو تو لکھ کر بھیجیں۔
- بچوں کو لکھنا سکھانے کے لیے جو ورک بک تیار کی گئی ہے، اسے اپنے بچے سے گھر ہی میں لکھوائیں اور دستخط بھی کریں۔
- بچہ جو چیزیں مکتب میں سیکھے، جیسے: کھانا کھانے کی دعائیں اور سنتیں، پانی پینے کی دعائیں اور سنتیں اور نماز وغیرہ ان سب چیزوں پر عمل کروائیں اور خود بھی عمل کریں۔
- گھر کے ماحول کو اچھا اور اسلامی بنائیں۔
- اپنے بچے کو ایسی چیزوں سے بچائیں اور دور رکھیں، جن سے اس کے اخلاق خراب ہونے کا خطرہ ہو، مثلاً: فلم، ناچ گانا، سگریٹ، شراب اور دوسری نشیلی چیزیں، اسی طرح لڑائی جھگڑا، جُوا، فضول خرچی، چوری، وعدہ خلافی، خیانت وغیرہ۔
- اپنے بچے کو مکتب میں بھیجنے کے ساتھ ساتھ خود بھی بالغان کے مکتب میں جاکر سیکھیں، بڑوں کا مکتب نہ ہونے پر ادارۂ دینیات سے رابطہ کریں اور ورکشاپ میں شرکت کرکے ترتیب سیکھنے کے بعد بڑوں کا مکتب شروع کریں۔
- امتحان سے پہلے پہلے بچے کو گھر پر کتاب کے پڑھے ہوئے مضامین یاد کروائیں اور امتحان میں وقت پر بھیجیں۔
- نتیجۂ امتحان (result) کے دن بچے کے ساتھ ریزلٹ لینے جائیں۔
- والدین جوڑ (parents meeting) میں شرکت کریں اور دوسرے پیرینٹس کی بھی تشکیل کریں کہ وہ اپنے اپنے بچوں کو مکتب میں بھیجیں۔
- سالانہ جلسے میں اپنے بچے کو حصہ دلوانے کی کوشش کریں اور مشق (practice) کروائیں اور خود شرکت کریں۔
- اپنے بچے کے لیے علمِ نافع اور دنیا و آخرت میں عافیت کی دعا کریں۔

## والدین اور انتظامیہ کے درمیان رابطہ

- والدین کسی معاملے میں اچانک ضرورت پیش آنے پر بلا جھجک انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

- والدین سے گزارش ہے کہ پتہ اور رابطہ نمبر وغیرہ بدلنے پر انتظامیہ کو مطلع کریں۔
- والدین اگر انتظامیہ یا اساتذہ سے ملنا چاہتے ہیں، تو ایک پرچی میں لکھ کر یا فون کے ذریعے پہلے سے وقت لیں۔
- جب بھی ایسا سرکُلر آئے، جس میں والدین کی دستخط کی ضرورت ہو، تو اس میں دستخط کرکے بچے کے ہاتھ واپس بھجوا دیں۔

## اصول وضوابط

- والدین اس بات کا مکمل خیال رکھیں کہ بچہ مکتب میں صاف ستھرے یونیفارم میں آئے۔
- مکتب میں پابندی سے آنا ضروری ہے، غیر حاضر رہنے یا دیر سے آنے کی صورت میں ہونے والے تعلیمی نقصان کا ذمہ دار ادارہ نہیں ہوگا۔
- مکتب میں چھٹیوں کے دن کے علاوہ طالب علم/طالبہ کو بلا عذر چھٹی نہیں دی جائے گی۔
- دوران تعلیم موبائل فون کا استعمال قطعی طور پر منع ہے۔
- والدین اپنے بچوں کو خود اپنی ذمے داری پر مکتب بھیجیں۔ مکتب ان کا ذمے دار نہیں ہے۔
- اگر طالب علم/طالبہ کو کسی ضرورت کی وجہ سے رخصت لینی پڑے، تو والدین کے لیے ضروری ہے کہ درس شروع ہونے سے پہلے مکتب میں فون کے ذریعہ اطلاع دیں۔
- امتحانات میں شامل ہونے کے لیے ۷۰ رفیصد حاضری ضروری ہوگی، ورنہ درجے کی ترقی موقوف رہے گی۔
- جس طالب علم/طالبہ کی بلا شرعی عذر کے امتحانات میں غیر حاضری رہے گی، تو اس کا بعد میں امتحان لیا جائے گا اور حاصل کردہ نمبرات سے پندرہ فیصد نمبرات کم کر دیے جائیں گے۔
- آئندہ درجے کی ترقی کے لیے طالب علم/طالبہ کے پورے سال کی اچھی کارکردگی (performance) کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا۔
- والدین طالب علم/طالبہ کی غیر حاضری کی صحیح وجہ تحریری شکل [Writing] میں بھیج دیں یا ادارے میں آکر وضاحت پیش کریں۔
- سفر کی ترتیب چھٹیوں ہی میں بنائیں۔
- زیادہ دن یا غیر مناسب اوقات میں چھٹی لینے پر مکتب کی انتظامیہ کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ تفریحی سفر وغیرہ کی درخواست کو نامنظور کر دے۔
- دو یا دو سے زیادہ دن بیمار رہنے کی صورت میں ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ دینا ضروری ہے۔
- اگر طالب علم/طالبہ دو یا دو سے زیادہ دن غیر حاضر رہے، تو مہتمم کو پرچی میں لکھ کر اس کی اطلاع دیں۔
- والدین سے گزارش ہے کہ بچوں کو ان کے مقررہ وقت پر واپس لے جائیں۔

## تصدیق

اس بات کی تصدیق کرتا ہوں / کرتی ہوں کہ میں نے ان تمام اصول وضوابط کو پڑھا، سمجھا اور قبول کیا، میں ان تمام قوانین وضوابط کی پابندی کروں گا/کروں گی۔

والدین/سرپرست دستخط ____________

# ماہانہ حاضری، غیر حاضری اور فیس چارٹ

| مہینہ | کل ایامِ تعلیم | ایام حاضری | غیر حاضری | فیس | دستخط معلم/معلمہ | دستخط والدین |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوری | | | | | | |
| فروری | | | | | | |
| مارچ | | | | | | |
| اپریل | | | | | | |
| مئی | | | | | | |
| جون | | | | | | |
| جولائی | | | | | | |
| اگست | | | | | | |
| ستمبر | | | | | | |
| اکتوبر | | | | | | |
| نومبر | | | | | | |
| دسمبر | | | | | | |

دستخط ذمہ دار ____________________

# سرکُلر

| تاریخ | سرکُلر نمبر | معلّم/معلّمہ دستخط | والدین دستخط |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

# رخصت فارم

طالب علم/طالبہ کا نام: ____________________

| منظوری کی تاریخ | رخصت کی تاریخ | دنوں کی تعداد | والدین کی دستخط | انتظامیہ کی دستخط |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

# والدین کے حقوق قرآن و حدیث کی روشنی میں

- قرآن میں اللہ تعالیٰ یہ تعلیم دیتے ہے کہ اپنے والدین کے لیے یوں دعا کرتے رہنا کہ اے ہمارے پرور دگار! تو ان پر رحم فرما جیسا کہ انھوں نے بچپن میں مجھے پالا۔ [سورۂ بنی اسرائیل:۲۴]

- ماں باپ کو گالی دینا بڑا گناہ ہے۔ [ترمذی: ۱۹۰۲، عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مفہوم]

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو گناہ ایسے ہیں جن کی سزا اللہ تعالیٰ دنیا ہی میں جلدی دے دیتے ہیں: (۱) ظلم (۲) والدین کی نافرمانی۔

  [جامع الاحادیث: ۵۸۳، عن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ]

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر گناہ کی سزا کو اللہ چاہے تو قیامت کے دن تک مؤخر کرتا ہے سوائے والدین کی نافرمانی کی سزا، کہ اللہ تعالیٰ اس کی سزا موت سے پہلے دنیا ہی میں چکھا دیتا ہے۔

  [مستدرک: ۷۲۶۳، عن ابی بکرۃ رضی اللہ عنہ]

- ماں باپ میں ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے۔

  [بخاری: ۵۹۷۱، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ مفہوم]

# اولاد کے حقوق قرآن و حدیث کی روشنی میں

- قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی اس پر جمے رہو۔ [سورۂ طٰہٰ: ۱۳۲]

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بچوں کو زبان کھولنے کے بعد سب سے پہلے کلمہ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ کہلواؤ۔ [شعب الایمان: ۸۶۴۹، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما]

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی کوئی اولاد ہو، تو اسے چاہیے کہ اس کا اچھا نام رکھے اور اسے ادب سکھائے۔ [شعب لایمان: ۸۶۶۶، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما]

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے لیے، اپنی اولاد اور اپنے اموال کے لیے بد دعا مت کرو! کہیں قبولیت کا وقت ہو اور اللہ اس بد دعا کو قبول کر لے (پھر تم پچھتاتے رہو)۔ [مسلم: ۷۷۰۵، عن جابر رضی اللہ عنہ]

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کا اپنی اولاد کو ادب سکھانا، ایک صاع اناج (یعنی تقریباً ساڑھے تین کلو گیہوں) صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔

  [ترمذی: ۱۹۵۱، عن جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما]

# ترانۂ دینیات

دینیات ہمارا مکتب ہے، یہ علم و عمل کا مرکز ہے
اسلام ہمارا مذہب ہے، ایمان ہماری دولت ہے

قرآن وحدیث کے ذریعے سے یہاں دین سکھایا جاتا ہے
اور دینی مسائل سکھلا کر، ترغیب عمل کی دیتے ہیں

قرآن پڑھایا جاتا ہے، سنت پے چلایا جاتا ہے
پنج وقتہ نمازیں سکھلا کر، پابند بنایا جاتا ہے

یہاں ذکر خدا کا ہوتا ہے، یہاں علم کے دریا بہتے ہیں
جو طلبا یہاں پر آتے ہیں، وہ علم کی دولت پاتے ہیں

یہاں اپنے ملک و ملت سے اُلفت کرنا سکھلاتے ہیں
انسان بنائے جاتے ہیں، دین دار بنائے جاتے ہیں

دینیات ہمارا مکتب ہے، یہ علم و عمل کا مرکز ہے
اسلام ہمارا مذہب ہے، ایمان ہماری دولت ہے

یہاں دین کی دولت پاتے ہیں، اُسے گھر گھر تک پہنچاتے ہیں
اور بھٹکے ہوئے انسانوں کو منزل کی راہ دِکھاتے ہیں

سب مل کر دعا یہ کرتے ہیں، ہر شر سے حفاظت فرما دے
علم و عبادت، دعوت، خدمت گھر گھر میں تُو پہنچا دے

یارب! اسے نظر بد سے بچا، ہے یہی ہم سب بندوں کی دعا
جو دینیات کے خادم ہیں، دے دونوں جہاں میں ان کو جزا

# Request

# گزارش

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ادارۂ دینیات؛ ممبئی نے علمائے کرام کی نگرانی میں بچوں کے لیے ۱۵/ سالہ اور بڑوں کے لیے ۳/ سالہ نصاب (syllabus) دینیات کے نام سے معتبر کتابوں کے حوالوں کے ساتھ تیار کیا ہے۔ یہ نصاب خوب صورت، کلرفل اور شرعی حدود میں رہتے ہوئے جائز تصویروں کے ساتھ مختلف زبانوں میں بنایا گیا ہے۔ اس کو پرنٹنگ کرانے سے پہلے بڑی تعداد میں ملک کے علمائے کرام نے اس کی کئی بار پروف ریڈنگ کی ہے۔ الحمد للہ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ اس میں کسی طرح کی کوئی غلطی نہ ہو۔ پھر بھی آپ کو پرنٹنگ کی کوئی غلطی نظر آئے، تو برائے مہربانی آپ پرنٹر/ پبلشر کو لیٹر/ ای میل/ فون کے ذریعے ضرور اطلاع کریں، تاکہ آئندہ اس غلطی کو سدھار لیا جائے۔ ایسا کرنے سے آپ ہمارے اس کام میں معاون بن جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہماری کمزوریوں اور غلطیوں کو معاف کرے، ناقص خدمات کو قبول فرماکر ذخیرۂ آخرت بنائے اور ہمیں دنیا و آخرت میں کامیاب کرے۔ اٰمین

جزاك الله خيرا

With the grace of Allah, Idara-e-Deeniyat, Mumbai has formulated a 15 year syllabus for children and a 3 year syllabus for adults under the supervision of Ulemas (religious scholars) and under the name of Deeniyat.

The syllabus has been presented in a beautiful and colourful manner along with pictures which are within the prescribed limits of Islam. It is also available in various languages. This syllabus has been proof read by several renowned scholars from all around the country.

Alhamdulillah we have tried out best to negate any errors. However, if you find any errors in printing or text kindly inform us via email / post / telephone so that the error can be rectified for the future. In doing so, you will become a part of our efforts too.

May Allah forgive our mistakes and shortcomings, accept all our efforts and make it our treasure for the Hereafter (Zakhire-e-Akhirah) and grant us success in both worlds. Aameen.. Jazakallah Khair.

Compiler

**Deeniyat Educational and Charitable Trust**

Mumbai, India.

مرتب

**دینیات ایجوکیشنل اینڈ چیریٹیبل ٹرسٹ**

ممبئی، ہندوستان۔

Tel : 022 23051111 | info@deeniyat.com | www.deeniyat.com